SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**Press Release**
June 23, 2016
For immediate release

## ایس ای سی پی نے مضاربہ آرڈیننس میں ترمیم کا فیصلہ کر لیا۔

اسلام آباد، ۲۳ جون: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان نے عوام الناس اور سٹیک ہولڈرز کی تجاویز و آراء کیلئے مضاربہ کمپنیوں اور مضاربہ (فلوٹیشن اور کنٹرول) آرڈیننس، ۱۹۸۰ میں ترامیم کا مسودہ جاری کر دیا ہے۔ حالیہ برسوں میں مضاربہ کے کاروبار میں آنے والی تیزی کو مدِ نظر رکھتے ہوئے مجوزہ ترامیم کا مقصد آرڈیننس میں تبدیلی کرنا ہے۔ نیز ملک میں شرعی احکامات سے ہم آہنگ مالیاتی مصنوعات کے فروغ کے لئے آرڈیننس میں ترمیم کی ضرورت محسوس کی جا رہی تھی۔

ایس ای سی پی کی مجوزہ ترامیم کے نتیجے میں مضاربہ کے حوالے سے شرعی اصولوں کی مکمل پاسداری یقینی بنانے میں مدد ملے گی۔ ترامیم کا ایک بڑا مقصد لفظ مضاربہ کے گمراہ کن استعمال کا تدارک کرنا ہے۔ ان ترامیم کے بعد مضاربہ کمپنیوں کے علاوہ کوئی بھی شخص مضاربہ یا اس سے ماخوذ کسی لفظ کا استعمال نہیں کر سکے گا۔ مزید برآں ترامیم میں مضاربہ اسناد کے حاملین کو اختیارات دینے کے احکامات شامل کئے گئے ہیں جن کے نتیجے میں مضاربہ اسناد کے حاملین سالانہ اور غیر معمولی اجلاسِ عام بھی طلب کر سکیں گے ساتھ ہی ساتھ مضاربہ کمپنیوں کے لئے شرعی مشیروں کا تقرر اور ان کی رپورٹ کو مضاربہ کی سالانہ آڈٹ شدہ رپورٹ کا حصہ بنا دیا گیا ہے۔

آرڈیننس کی ترامیم کا مسودہ شائع کر دیا گیا ہے۔ مسودے کا متن ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر بھی موجود ہے۔ اس حوالے سے تجاویز و آراء ۲۲ جولائی ۲۰۱۶ تک ایس ای سی پی کو بھجوائی جا سکتی ہیں۔

**Media and Corporate Communications Department**
Securities and Exchange Commission of Pakistan
NIC Building, 63 Jinnah Avenue, Blue Area, Islamabad – 44000 Pakistan
Cell: +92 300-9882237
Email: sajid.gondal@secp.gov.pk
www.secp.gov.pk